سوال

(74) کونسا ترجمہ صحیح ہے؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

قرآن شریف اور تفسیروں میں آج تک تمام علماء ابیہ ابراہیم کا ترجمہ ابراہیم علیہ السلام کے سگے باپ کرتے آئے ہیں۔ اوراب بعض مولوی صاحب اب کا ترجمہ چچا کرتے ہیں۔ کونسا ترجمہ صحیح ہے۔ (خریدار)

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

اب کا معنی باپ ہے چچا نہیں۔ چچا کے لئے عربی میں لفظ عم ہے۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ ثنائیہ امرتسری

جلد 2 ص 67

محدث فتویٰ